تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان رجسٹرڈ

فون نمبر 042-37731045-49
فیکس نمبر 042-37731050
8-راوی پارک، راوی روڈ، لاہور۔
info@tanzeemulmadaris.com
www.tanzeemulmadaris.com


# الحاق کی معلومات اور متعلقہ امور کے لیے درکار دستاویزات

کسی بھی ادارے کا تنظیم المدارس کے ساتھ الحاق کروانے کے لیے قواعد وضوابط کی روشنی میں درج ذیل دستاویزات جمع کروانا ضروری ہیں۔

i- درخواست الحاق فارم (تصدیق شدہ)　　ii- کوائف فارم برائے الحاق　　iii- ناظم اعلیٰ کی دوعدد حالیہ تصاویر

iv- ناظم اعلیٰ کی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی　　v- تعلیمی اسناد کی کاپی　　vi-الحاق فیس معہ تین سالہ رکنیت فیس

**نوٹ:** درخواست الحاق فارم تنظیم المدارس کے ساتھ ملحق کسی فوقانی ادارے کے سربراہ اور تنظیم المدارس کی مجلس عاملہ کے رکن/ضلعی کوآرڈینیٹر کی طرف سے تصدیق شدہ ہو۔

**الحاق فیسوں کی شرح**

| فیس | سالانہ فیس ابتدائی | سالانہ فیس تحتانی | سالانہ فیس وسطانی | سالانہ فیس فوقانی | سالانہ فیس علیا |
|---|---|---|---|---|---|
| سالانہ فیس | 1000 | 2500 | 5000 | 7500 | 10000 |
| الحاق فیس | 1000 | | | | |
| نئے الحاق کے لیے مجموعی فیس | 4000 | 8500 | 16000 | ---- | ---- |

## مثنی الحاق سند کا حصول

i- ادارے کے لیٹر پیڈ پر مصدقہ درخواست　　ii- ناظم اعلیٰ کے شناختی کارڈ کی کاپی

iii- الحاق فارم/ سابقہ سند الحاق کی فوٹو کاپی　　iv- 500 روپے فیس کی رسید

## ادارے کے نام/ایڈریس کی تبدیلی

i-سابقہ الحاق فارم کی فوٹو کاپی۔ (جس پر ادارے کا سابقہ ایڈریس درج ہے)

ii-نیا تصدیق شدہ الحاق فارم مع تجدید کوائف فارم۔ (جس پر نئے ایڈریس کی تصدیق کی گئی ہو)

iii-ادارے کے نام جاری شدہ اصل سند الحاق



vi-ادارے کی انتظامیہ کے اجلاس کی کاروائی کی فوٹو کاپی یا ادارے کی انتظامیہ کی طرف سے ”تبدیلی ایڈریس“ کا تحریری تصدیق نامہ/ درخواست

vii-ادارے کے لیٹر پیڈ پر متعلقہ ادارے کی انتظامیہ کے نام، ولدیت، قومی شناختی کارڈ نمبر، ایڈریس رابطہ نمبرز اور شناختی کارڈ کی کاپیاں

viii-سالانہ واجب الاداء فیس کی ادائیگی کا ثبوت۔

## مہتمم/ناظم اعلیٰ کی تبدیلی

i- سابقہ الحاق فارم کی فوٹو کاپی۔(جس پر سابقہ مہتمم/ناظم اعلیٰ کا نام درج ہے)

ii- نیا تصدیق شدہ الحاق و درستگی سربراہ فارم مع تجدید کوائف فارم۔(جس پر نئے مہتمم/ ناظم اعلیٰ کی تصدیق کی گئی ہو)

iii- الحاق سند کی فوٹو کاپی/اصل سند۔

iv-نئے ناظم اعلیٰ/ مہتمم کی دوعدد حالیہ تصاویر　　v-نئے ناظم اعلیٰ کی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی۔

vi- سابقہ ناظم اعلیٰ کی طرف سے استعفیٰ/معذرت نامہ/اجازت نامہ/ادارہ چھوڑنے کی وجوہات کا تحریری ثبوت/اگر وفات پاگئے ہیں تو فوتگی سرٹیفکیٹ

vii- ادارے کے لیٹر پیڈ پر متعلقہ ادارے کی انتظامیہ (عہدے داروں) کے نام، ولدیت، قومی شناختی کارڈ نمبر، ایڈریس، رابطہ نمبرز اور شناختی کارڈز کی کاپیاں

viii- واجب الاداء سالانہ الحاق فیس کی مکمل ادائیگی

ix-ادارے کی انتظامیہ کے اجلاس کی کاروائی یا ادارے کی انتظامیہ کی طرف سے ”تبدیلی مہتمم/ ناظم اعلیٰ“ کا تحریری تصدیق نامہ/ درخواست

## ترقی درجہ الحاق

تعلیمی بورڈ تنظیم المدارس کے ساتھ کسی بھی ادارے کا الحاق ابتداءً ”درجہ ابتدائی“، ”درجہ تحتانی“ یا ”درجہ وسطانی“ میں براہِ راست ہوسکتا ہے۔ البتہ درجہ ابتدائی سے تحتانی/ وسطانی میں ترقی یا درجہ تحتانی سے درجہ وسطانی میں ترقی کے لیے لوازمات درج ذیل ہیں۔

i- ادارے کے لیٹر پیڈ پر مصدقہ درخواست　　ii- ناظم اعلیٰ کے شناختی کارڈ کی کاپی

iii- اصل الحاق سرٹیفکیٹ　　iv-الحاق فیسوں کی ادائیگی

نیز کسی ادارہ کا الحاق درجہ فوقانی یا علیا میں براہ راست نہیں ہوسکتا البتہ وسطانی مدارس کو کارکردگی کی بناء پر ضروری کارروائی کے بعد فوقانی میں ترقی دی جاسکتی ہے۔

اسی طرح مقررہ شرائط مکمل ہونے کی صورت میں درجہ فوقانی سے درجہ علیا میں ترقی دی جاتی ہے۔

## ترقی درجہ الحاق وسطانی سے فوقانی

**وسطانی سے درجہ فوقانی میں جامعات کی ترقی کے لیے معیار و شرائط:**

1: ادارہ کے پاس طلبہ وطالبات کی تعداد و درجات کے مطابق درسگاہوں کی دستیابی وعملی اجرا

2: درجات تعلیم کے مطابق اساتذہ ومعلمات کی موجودگی بالخصوص تجربہ کار شیخ الحدیث کا ہونا

3: ادارے میں معیاری لائبریری کا وجود جس میں بالخصوص نصابی کتب وشروحات کا دستیاب ہونا

4: ادارہ کے اپنے طلبہ وطالبات تعلیمی ترقی پاکر عالمیہ میں پہنچے ہوں

5: ادارے میں شھادۃ العالمیہ کی باقاعدہ عملی تدریس جاری ہو

6: درجہ عالمیہ میں طلبہ/ طالبات کی تعداد کم از کم پانچ ہو۔

**نوٹ:** (ا) وزٹ کے دوران تعلیمی وتدریسی کیفیت چیک کرنے کے لیے تعلیمی ٹائم ٹیبل، رجسٹر حاضری طلبہ واساتذہ کا معائنہ کیا جائے گا۔

(ب) فوقانی درجہ میں ترقی کے بعد مسلسل تین سال عالیہ کیلئے امتحانی داخلہ جات میں تعطل نہ ہو ورنہ دوبارہ وسطانی میں تنزلی کردی جائے گی۔

**فوقانی میں ترقی درجہ کے لیے درج ذیل دستاویزات کے ہمراہ درخواست برائے ترقی درجہ جمع کروانی ہو گی۔**

**مطلوبہ کاغذات برائے ترقی درجہ فوقانی:-**

1۔ ادارے کے لیٹر پیڈ پر مصدقہ درخواست برائے ترقی درجہ فوقانی

i- تصدیق شدہ الحاق فارم مع کوائف فارم ii- موجودہ درجہ کی اصل الحاق سند

iii- سابقہ الحاق فارم کی نقل iv- سالانہ واجب الاداء فیس کی ادائیگی کا ثبوت

v- ناظم اعلیٰ کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی نقل

vi- الشھادۃ العالیہ کے طلبہ/ طالبات کے رزلٹ کارڈ کی فوٹو کاپی

**نوٹ:** کاغذات کی تکمیل کے بعد تنظیم المدارس کا مقرر کردہ نمائندہ ادارے کا وزٹ کرے گا جس پر لازم ہوگا کہ مذکورہ معیارات کے مطابق اپنی رپورٹ میں تمام شرائط کی بابت تفصیلی رپورٹ و سفارشات مرتب کر کے دفتر تنظیم المدارس کو روانہ کریں محض رسمی الفاظ (ترقی کی سفارش) پر اکتفانہ کریں۔ نیز نمائندہ کی معائنہ رپورٹ کی روشنی میں دیگر کارروائی کی تکمیل کے بعد ادارے کو درجہ فوقانی میں منتقل کیا جاسکے گا۔



## ترقی درجہ الحاق فوقانی سے علیا:

**درجہ علیا میں فوقانی جامعات کی ترقی کے لیے معیار و شرائط**

1- ادارہ کے پاس طلبہ کی موزوں تعداد اور درجات کے مطابق درسگاہوں کی دستیابی وعلمی اجرا

2- درجات تعلیم کے مطابق سنیئر اساتذہ کی موجودگی بالخصوص تجربہ کار شیخ الحدیث وشیخ الفقہ کا ہونا

3- ادارے میں باقاعدہ دار الافتا کا قیام اور عملی طور پر فعال ہو۔ (رجسٹر/ فائل فتاویٰ چیک کی جائے گی)

4- ادارے میں معیاری لائبریری کا وجود جس میں بالخصوص نصابی کتب وشروحات کا دستیاب ہونا۔

5- ادارہ کے اپنے طلبہ تعلیمی ترقی پاکر تخصص کے درجے میں پہنچے ہوں۔

6- ادارے میں گزشتہ پانچ سال سے مسلسل الشھادۃ العالمیہ کی باقاعدہ عملی تدریس جاری ہو۔

7- گزشتہ چار سالوں کے دوران درجہ عالمیہ میں زیر تعلیم وشامل امتحان طلبہ کی تعداد سالانہ کم از کم دس ہو۔

8- ترقی درجہ کے درخواست دہندہ ادارے کو تسلسل برقرار رکھنے کی پابندی بارے تحریر کیا جائے کہ:

اگر تسلسل نہ رہا تو جامعہ علیا کا سٹیٹس (درجہ وحیثیت) میں تنزل ہوجائے گا۔

9- درجہ "تخصص" میں داخلہ کے لیے صرف وہی طلبہ امتحانات میں شرکت کے اہل ہوں گے جنہوں نے "الشھادۃ العالمیۃ" کم از کم گریڈ "ممتاز" میں پاس کیا ہو۔

**مطلوب کاغذات برائے ترقی درجہ فوقانی سے علیا:-**

i- درجہ فوقانی میں الحاق کی اصل سند۔ ii- سالانہ واجب الادا فیسوں کی مکمل ادائیگی کا ثبوت۔

iii- الشھادۃ العالمیہ کے گزشتہ 5 سالہ طلبہ کی فہرست۔ (نام، ولدیت، رول نمبر درجہ عالمیہ (سال دوم، حاصل کردہ نمبر، درجہ، امتحانی سیشن)

iv- درجہ تخصص فی الفقہ کے امتحان میں شرکت کرنے والے اہل طلبہ کے کوائف۔

v- تصدیق شدہ الحاق فارم مع کوائف فارم vi- سابقہ الحاق فارم کی نقل

vii- ناظم اعلیٰ کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی نقل

**نوٹ:** درجہ علیا میں ترقی کے لیے آنے والی ہر درخواست پر باقاعدہ متعلقہ ادارے کا معائنہ کیا جائے گا۔ معائنہ کرنے والی ٹیم اپنی رپورٹ میں تمام شرائط ومعیارات کی بابت تفصیلی رپورٹ تحریر کریں گے جس کی روشنی میں طے کردہ معیار پر پورا اترنے والے ادارے کو ہی درجہ علیا میں ترقی دینے کی سفارش کی جائے گی۔ کسی بھی ادارے کا درجہ علیا میں ترقی کی حتمی منظوری مرکزی مجلس عاملہ دیتی ہے۔

مزید معلومات کے لیے دفتری اوقات صبح 08:00 بجے تا 04:00 بجے تک درج ذیل نمبر پر رابطہ رمائیں۔

فون نمبر 042-37731047-49